سوال

(325) مسنون جمعہ پڑھ لینے کے بعد پھر ظہر پڑھنا شرعاً کیسا ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مسنون جمعہ پڑھ لینے کے بعد پھر ظہر پڑھنا شرعاً کیسا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اسے ظہر احتیاطی کہتے ہیں، اور یہ بدعت سیئہ ہے، جس کا اسلام میں نام ونشان نہیں ہے اسلام میں قرآن کریم سے شروع ہوا اور قرآن کریم نے صاف کہہ دیا۔
اِذَا قُضِیَتِ الصَّلٰوۃُ فَانْتَشِرُوْا فِی الْاَرْضِ
''نماز جمعہ ختم ہونے ہی حصول معاش وغیرہ کے لیے بکھر جایا کرو۔''
لیجیے سب معاملہ سے چھٹی مل گئی۔ نماز پڑھوانے والا ہی نہیں پڑھنے دیتا، ہم خواہ مخواہ کیوں پڑھتے پھریں۔ (اہل حدیث سوہدرہ جلد نمبر ۱۲ شمارہ نمبر ۳)

فتاویٰ علمائے حدیث

کتاب الصلاۃ جلد 1 ص 154